**05.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

.....................................

- ☆ اتراکھنڈ کے اتر کاشی ضلع میں بادل پھٹنے سے آئے اچانک سیلاب سے کافی نقصان ہوا ہے۔ کم از کم چار افراد ہلاک اور کئی لاپتہ ہیں۔
- ☆ متاثرہ علاقوں میں امداد اور بچاؤ کارروائیاں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔
- ☆ بھارت اور فلپنس وسعت پا رہی کلیدی شراکت داری کے تحت باہمی تجارت کو سمت دینے کیلئے عمل در آمد کے پانچ سالہ منصوبے پر رضا مند ہوگئے ہیں۔
- ☆ پارلیمنٹ نے منی پور میں صدر راج میں مزید چھ ماہ کی توسیع کو منظوری دے دی ہے۔
- ☆ اور... روس نے بھارت کی تیل در آمدات کی یہ کہتے ہوئے حمایت کی ہے کہ خود مختار ممالک کو آزادانہ طور پر تجارتی شراکت دار کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔

.....................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Cloudburst**

اتراکھنڈ میں اچانک تباہ کن سیلاب آ گیا ہے۔ یہ سیلاب آج کھیر گنگا دریا کے اوپری نشیبی علاقے میں، بادل پھٹنے کے سبب آیا، جس سے اترکاشی ضلع کے دھرالی گاؤں میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ بادل پھٹنے کے بعد کھیر گنگا دریا میں اچانک طغیانی آ گئی جس کی وجہ سے بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔

ضلع انتظامیہ کے مطابق دھرالی مارکیٹ کے علاقے میں عمارتوں، ہوٹلوں اور دوکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ پرشانت آریہ نے بتایا کہ ابتدائی خبروں کے مطابق کم سے کم چار افراد ہلاک ہوگئے۔

فوج، NDRF، SDRF، ضلع انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ٹیموں کی مدد سے راحت اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔انھوں نے کہا کہ سبھی متعلقہ محکموں کو چوکنا کردیا گیا ہے اور راحت اور بچاؤ کے کام میں فوری طور پر تیزی لانے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

ضلع مجسٹریٹ نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ راحت کیمپ میں، وافر خوراک کے بندوبست کو یقینی

بنائیں اور یہاں ایک ایمبولنس اور ڈاکٹروں کی ایک ٹیم، فوری طور پر تعینات کریں۔ اس کے علاوہ یہ ہدایت بھی دی گئی ہے کہ ہرشِل اور جھالا صحت مرکزوں پر وافر تعداد میں بستروں، آکسیجن اور دواؤں کو یقینی بنایا جائے۔ ضلع اسپتال میں ڈاکٹروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ الرٹ رہیں۔

**S/B 2100 Prashant Arya DM Uttrakhand**

وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو ترجیحی طور پر محفوظ مقامات پر پہنچایا جارہا ہے اور صورتحال پر لگاتار نظر رکھی جارہی ہے۔

**S/B 2100 Pushkar Singh Dhami**

ریاست میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے محکمے کے سکریٹری ونود کمار نے آکاشوانی کے نامہ نگار سے خاص طور پر بات کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ، پوری طرح الرٹ ہے اور متاثرہ لوگوں کو ہرممکن امداد فراہم کی جارہی ہے۔

**S/B 2100 Vinod KR Suman Secy**

اترکاشی ضلع انتظامیہ نے اِس قدرتی آفت کے پیش نظر یہ ہیلپ لائن نمبرز جاری کئے ہیں:

صفر ایک تین سات چار – دو دو دو – ایک دو چھ، صفر ایک تین سات چار – دو دو دو – سات دو دو، اور نو چار پانچ چھ – پانچ پانچ – چھ چار تین ایک۔ اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے دھرالی گاؤں میں اچانک سیلاب کے حادثے کے بارے میں، اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ سے بات چیت کی اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بچاؤ ٹیمیں ریاستی سرکار کی نگرانی میں ہرممکن طریقے سے کام کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے بادل پھٹنے کے حادثے سے متاثرہ لوگوں کے تئیں ہمدردی کا بھی اظہار کیا اور انھوں نے اُن کی تندرستی کیلئے دعا کی۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی اس صورتحال کے بارے میں جناب دھامی سے بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ بھارت–تبت سرحد پولیس کی تین ٹیموں اور قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی فورس کی ٹیموں کو جائے حادثہ کیلئے روانہ کردیا گیا ہے اور یہ ٹیمیں بچاؤ کا کام انجام دیں گی۔x

## NDA MEETING

**NDA** پارلیمانی پارٹی کی آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کامپلیکس میں میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ، **BJP** صدر **JP** نڈّا اور دیگر **NDA** اراکین پارلیمنٹ نے شرکت کی۔ اس موقع پر آپریشن سندور اور آپریسن مہادیو کی کامیابی پر **NDA** اراکین پارلیمنٹ کی جانب سے وزیرعظم مودی کا خیر مقدم کیا گیا۔ **NDA** اراکین پارلیمنٹ نے اِن آپریشنوں کی کامیابی پر دفاعی افواج کے رول اور انکے غیر متزلزل عزم کی تعریف کرتے ہوئے، متفقّہ طور پر ایک قرار داد بھی منظور کی۔ اسکے علاوہ پہلگام دہشت گردانہ حملے میں جان گنوانے والوں کے تئیں تعزیت کا بھی اظہار کیا گیا۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ **NDA** اراکین پارلیمنٹ نے قوم کی جانب سے دفاعی افواج کو انکی بہادری کے مظاہرے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

**S/B KIREN RIJIJU- 24 SECS**

**Rev. India Philippines MoU**

بھارت اور فلپینز نے دوطرفہ تعاون کو دفاعی شراکت داری کی سطح تک لانے سے اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ وزیر اعظم نریندر مودی اور دورے پر آئے ہوئے فلپینز کے صدر **Ferdinand Romualdez Marcos Junior** کے درمیان آج نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کے دوران کیا گیا۔میٹنگ کے بعد مشترکہ پریس بیان میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور فلپینز نے دوطرفہ بات چیت کے دوران، دفاعی شراکت داری کے تحت تعاون کی رہنمائی کیلئے 2025 سے 2029 کی مدت کیلئے پانچ سالہ لائحۂ عمل کو بھی منظوری دی ہے۔

**S/B PM Modi Strategic Partnership**

جناب مودی نے کہا کہ فلپینز، بھارت کی مشرق نواز پالیسی اور مہاساگر خاکے میں ایک اہم شراکت دار ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ دونوں ممالک، بھارت–بحرالکاہل خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی اور اصولوں پر مبنی نظم ونسق کے تئیں پُرعزم ہیں۔

جناب مودی نے فلپینز کی حکومت اور صدر کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے پہلگام حملے کی سخت مذمت کی اور وہ دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں اُس کے حامی رہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ اِس بات کو بھی ترجیح دی جائے گی کہ بھارت–آسیان آزاد تجارتی معاہدے کا جائزہ، جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ اس موقع پر فلپینز کے صدر نے کہا کہ بھارت اور فلپینز دونوں نے ہی دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں برابر کا تعاون دینے سے اتفاق کیا ہے۔

**S/B 2100 Final Philppine Marcos on Bilateral**

وزارت خارجہ میں مشرقی امور کے سکریٹری پیریا سامی کمارن نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور فلپینز نے دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت کے بعد مختلف شعبوں میں 14 مفاہمت ناموں کو قطعی شکل دی۔

**S/B Final 2100 P Kumaran on 14 MoU**

جناب کمارن نے زور دے کر کہا کہ بھارت اور فلپینز کے درمیان براہِ راست پروازیں، آئندہ مہینوں میں شروع کئے جانے کا امکان ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے فلپینز کے باشندوں کیلئے ای–سیاحتی ویزا جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ فلپینز نے بھارتی سیاحوں کیلئے 14 دن کی مدت کیلئے بغیر ویزا داخلے کی سہولت فراہم کی ہے۔فلپینز کے صدر مارکوز نے یہ سرکاری دورہ کل شروع کیا تھا جو 8 اگست تک جاری رہے گا۔ صدر مارکوز کا ایک سرکاری شخصیت کی حیثیت سے، بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔**x**

**RS Manipur**

پارلیمنٹ نے منی پور میں صدر راج میں مزید 6 ماہ کی توسیع سے متعلق آئینی قرار داد کو اپنی منظوری دے دی ہے، جس کا اطلاق اِس ماہ کی 13 تاریخ سے ہوگا۔ آج راجیہ سبھا نے صوتی ووٹ سے آئینی قرار داد کو منظور کیا۔ لوک سبھا، گزشتہ ہفتے منی پور میں صدر راج کی توسیع سے متعلق آئینی قرار داد کو پہلے ہی اپنی منظوری دے چکی ہے۔

داخلی امور کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے صدر راج کی توسیع کیلئے ایوان کی منظوری کی خاطر قرار داد پیش کی۔ اِس سال 13 فروری کو منی پور میں صدر راج نافذ کیا گیا تھا۔ x

## India Tariff

روس نے بھارت کے خلاف تیل کی تجارت سے متعلق امریکہ کی حالیہ دھمکی کو یہ کہتے ہوئے مسترد کر دیا ہے کہ خود مختار ممالک کو آزادانہ طور پر اپنے تجارتی شراکت داروں کا انتخاب کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے آج ماسکو میں ایک پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے بھارت پر دباؤ بنانے کیلئے امریکہ پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ اِس طرح کی کارروائی ناجائز ہے۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ہر ملک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ قومی مفادات پر مبنی تجارتی تعلقات جاری رکھے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے روس سے تیل خریدنے اور دوبارہ فروخت کرنے پر بھارت کے خلاف محصولات بڑھانے کی وارننگ کے پیش نظر یہ رائے زنی سامنے آئی ہے۔ x

## PAR Adjourn

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں، بہار میں ووٹر فہرست کی خصوصی تفصیلی نظرثانی مہم پر بحث سمیت مختلف معاملات پر، اپوزیشن پارٹیوں کے شور شرابے کے سبب، رخنہ اندازی ہوئی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کیے جانے سے قبل، پہلے بھی ملتوی کی گئی تھی۔ لوک سبھا کی کارروائی پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد جب دوپہر 2 بجے پھر شروع ہوئی تو اپوزیشن پارٹیوں نے نعرے بازی شروع کر دی اور ایوان کے وسط میں آ گئے۔

پریسڈائزنگ افسر نے کہا کہ حکومت ہر معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی طرزِ عمل کے مطابق احتجاج کرنے والے ممبران کا رویہ جائز نہیں ہے۔ شور شرابے کے دوران لوک سبھا نے گوا کے اسمبلی حلقوں میں درج فہرست قبائل کی دوبارہ نمائندگی کو از سرنو ترتیب دینے سے متعلق بل 2024 کو منظور کرلیا۔ اِس بل کا مقصد درج فہرست قبائل کی مؤثر جمہوری شمولیت کی خاطر نشستوں کے ریزرویشن کو یقینی بنانا اور ریاست گوا کی قانون ساز اسمبلی میں سیٹوں کو از سرنو ترتیب دینا ہے۔

اِس کے بعد پریسڈائزنگ افسر کی اپیلوں کے باوجود احتجاج کرنے والے ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا اور ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

اِسی کی طرح صورتحال راجیہ سبھا میں رہی۔ جب ایوان کی کارروائی دوپہر 2 بجے پھر شروع ہوئی تو اپوزیشن پارٹیوں نے خصوصی تفصیلی نظرثانی مہم پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج جاری رکھا۔ ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے کہا کہ بطور رکنِ پارلیمنٹ، ہر کسی کو پارلیمانی ضابطوں اور طرز عمل کی پابندی کرنی چاہیے۔ انہوں نے اِس بات پر تشویش ظاہر کی کہ مانسون اجلاس کے دوران ایوان میں کوئی کام کاج نہیں ہو پایا۔شور شرابا جا رہا تو صدرنشین نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی۔ x

## ECI WB

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال حکومت کو اُن چار افسروں کو برخاست کرنے اور اُن کے خلاف FIR درج کرنے کی ہدایت دی ہے، جنہوں نے الیکٹورل رجسٹریشن افسر اور اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسر کے طور پر کام کیا تھا اور اِنہوں نے انتخابات سے متعلق کام کاج میں غفلت برتی اور غیر مجاز لوگوں کو جان بوجھ کر معلومات فراہم کی۔
اِس سے پہلے چیف ریاستی انتخابی افسر نے انتخابی کمیشن کو ایک رپورٹ دی تھی، جس میں Baruipur Purba اسمبلی حلقے کے ERO اور AERO اور Moyna اسمبلی حلقے کے ERO اور AERO کے نام تھے۔ x

## Prez PM Malik Death

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں و کشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک کے انتقال پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ 79سالہ رہنما کا آج نئی دلّی میں طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ x

## Jharkhand Shibu Soren Last Rites

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ اور راجیہ سبھا کے رکنِ پارلیمنٹ، شیبو سورین کی آخری رسومات آج جھارکھنڈ کے رام گڑھ ضلعے کے Nemra میں اُن کے آبائی گاؤں میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سرکردہ رہنما کا کل قومی راجدھانی کے سَر گنگا رام اسپتال میں انتقال ہوگیا تھا۔ اُن کی آخری رسومات میں اُن کے بیٹے، جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، سابق مرکزی وزیر اور کانگریس ممبر پارلیمنٹ سبودھ کانت سہائے، BJP رہنما ارجن مُنڈا، مختلف سیاسی رہنماؤں اور دیگر سرکردہ شخصیات نے شرکت کی۔ x

☆☆☆☆☆☆